06 جون 2023ء

اسٹیٹ بینک نے وی آئی ایس اور 'پاکرا' کی بیرونی قرضہ جانچ کے اداروں کے طور پر تجدیدِ نو کردی

بینک دولت پاکستان نے پاکستان میں کام کرنے والی دو کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں یعنی "وی آئی ایس کریڈٹ ریٹنگ کمپنی لمیٹڈ (وی آئی ایس)" اور "پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی لمیٹڈ (پاکرا)" کی اہل / تسلیم شدہ بیرونی قرضہ جانچ کے اداروں (ای سی اے آئی) کے طور پر 31 دسمبر 2023ء تک کے لیے تجدیدِ نو کردی ہے۔

بازل فریم ورک کا معیاری طریقہ کار استعمال کرنے والے بینکوں اور ترقیاتی مالی اداروں کو اجازت ہے کہ وہ شرحِ کفایتِ سرمایہ (سی اے آر) کے تخمینے کے لیے وی آئی ایس اور 'پاکرا' کی جانب سے دی گئی کریڈٹ ریٹنگ استعمال کرسکتے ہیں۔

****